نیوز ریلیز

# آپ کا صوبہ، آپ کی پلیٹ

اکتوبر، 2025ء میڈیا انکوائریز

## 40 سال سے زائد عرصے میں پہلی مرتبہ، البرٹا اپنی لائسینس پلیٹ کو ایک مضبوط اور آزاد مقولے کے ساتھ تازہ کر رہا ہے، اور اس کی حتمی شکل کا فیصلہ البرٹنز کریں گے۔

15 اکتوبر سے 5 نومبر تک، البرٹا میں رہنے والے ایک نئی صوبائی لائسینس پلیٹ کے ڈیزائن کیلئے ٹورنامنٹ کی طرز پر آن لائن ووٹنگ میں حصہ لے سکتے ہیں، جو ہمارے ہر مرتبہ سڑک پر آنے سے ہمارے فخر کو ظاہر کرتی ہو کہ ہم کون ہیں۔

یہ نئی لائسینس پلیٹ 2026ء کے آخر میں دستیاب ہوگی اور ایک "مضبوط اور آزاد" مرکزی خیال پر مبنی ہوگی، جو ہمارے صوبے کے لاطینی اصول کی بازگشت اور البرٹا کی بہادرانہ شناخت، معاشی قوت اور گہری جڑوں والے صوبائی فخر کی عکاسی کرتی ہے۔ لائسینس پلیٹوں پر اس مقولے کی شمولیت، کینیڈا کے قومی ترانے اور متحدہ کینیڈا کے اندر ایک مضبوط اور خودمختار صوبے کے طور پر البرٹا کی پوزیشن کو بھی واضح کرے گی۔

"ہمارے وسیع کُھلے قدرتی مناظر سے لیکر ہمارے کاروباری جذبے تک، البرٹا کے پاس فخر کرنے کیلئے بہت کچھ ہے، اور ہماری نئی لائسینس پلیٹ ہمارے اس فخر کی عکاسی کرے گی۔ چار دہائیوں میں پہلی مرتبہ، البرٹنز اس بات کا انتخاب کریں گے کہ ہم اس کہانی کو کیسے سُنائیں۔ مَیں یہ دیکھنے کی منتظر ہوں کہ دُنیا کو دکھانے کیلئے کون سے ڈیزائن کا انتخاب کیا جاتا ہے کہ یہ مضبوط اور آزاد لوگوں کی سرزمین ہے۔"

*ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر (Danielle Smith, Premier)*

ان آپشنز کے ساتھ جن میں البرٹا کے مشہور و معروف مقامات جیسے کہ تھری سسٹرز ماؤنٹینز، اور ہمارے صوبے کی بنیادی صنعتوں بمع زراعت اور توانائی کی پیداوار کی دیرینہ علامتیں شامل ہیں، ممکنہ پلیٹوں میں ہر ایک البرٹا کی خوبصورتی، تاریخ اور روح کی علامات پر مشتمل ہے۔

ووٹنگ کے پہلے مرحلے میں، البرٹا میں رہنے والے اپنے پسندیدہ آٹھ منفرد تصورات کیلئے ووٹ دے سکتے ہیں جن میں البرٹا کے منفرد قدرتی مناظر اور تاریخ شامل ہوں۔ پہلے مرحلے کے بعد، چار ڈیزائن ووٹنگ کے اگلے مرحلے میں جائیں گے جہاں سب سے اوپر والے دو کو منتخب کیا جائے گا، اور اس کے بعد، جیتنے والی پلیٹ کے تصور کیلئے حتمی

ووٹ ڈالا جائے گا۔ جیتنے والی نئی لائسینس پلیٹ کا اعلان مجلس قانون ساز کے موسم خزاں کے اجلاس کے دوران کیا جائے گا۔

"البرٹا مضبوط اور آزاد ہے، اور البرٹا کے رہنے والے لوگوں کو ایک نئی لائسینس پلیٹ کا انتخاب کرنے کا موقع ملے گا جو اس جذبے کا اظہار کرتی ہو۔ نئی لائسینس پلیٹ ایک تازہ ڈیزائن کی ہوگی جسے دکھا کر ہر البرٹن فخر محسوس کرے گا، خواہ وہ کام پر جانے کیلئے گاڑی چلا رہے ہوں، جِھیل کی طرف جا رہے ہوں یا شمالی امریکہ کی چھان بِین کر رہے ہوں۔"

*ڈیل نیلی (Dale Nally)، سروس البرٹا اور ریڈ ٹیپ ریڈکشن کے وزیر*

نئی پلیٹ جاری ہونے کے بعد اگر کوئی البرٹن اپنی موجودہ پلیٹ کو نئی لائسنس پلیٹ سے تبدیل کرنا چاہتا ہے، تو وہ اس کیلئے رضاکارانہ طور پر 28 ڈالر فِیس ادا کرکے ایسا کر سکتا ہے۔ دوسری صورت میں، البرٹنز اپنی گاڑی کی رجسٹریشن کی تجدید کی تاریخ پر بِلا کوئی اضافی قیمت ادا کئے یہ نئی پلیٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ نئی لائسینس پلیٹوں کے جاری ہونے کے بعد گاڑیاں چلانے والے اپنی پرانی لائسینس پلیٹوں کو استعمال کرنا بھی جاری رکھ سکتے ہیں بشرطیکہ وہ اب بھی اچھی حالت میں ہوں۔

## فوری حقائق

- البرٹا کی موجودہ لائسینس پلیٹ 1984ء میں ڈیزائن کی گئی تھی۔
- 2021ء میں، البرٹا نے اسی ڈیزائن کے ساتھ پینٹ والی پلیٹوں سے عکاسی کرنے والی پلیٹوں کی طرف تبدیلی کا آغاز کیا۔
- نئے ڈیزائنوں میں عکاسی والی ٹیکنالوجی کو استعمال کیا جاتا ہے تاکہ کم روشنی والے حالات میں قانون نافذ کرنے والے اداروں اور خودکار نظاموں کیلئے پڑھنے کی اہلیت کو بہتر بنایا جا سکے، اور واضح طور پر دکھائی دینے، پڑھائی کو بہتر بنانے اور جعلی مزاحمت کے خلاف بین الاقوامی معیارات پر بھی پورا اترا جا سکے۔

## متعلقہ معلومات

- Alberta.ca/ اپنی پلیٹ چُنیں
- لائسینس پلیٹیں
- موٹر گاڑی کی معلومات
- موٹر گاڑیاں - ای سروسز

## ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں

## میڈیا انکوائریز

**[کیون لِی (Kevin Lee)]**

587-785-4366
قائم مقام پریس سیکریٹری، سروس البرٹا اور ریڈ ٹیپ ریڈکشن